## سوال

(496) عورت نے ایک شخص سے شادی کی دیکھا تو اس شخص کو پھلہری ہے کیا وہ فسخ نکاح کی حقدار ہے؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک عورت نے کسی مرد سے شادی کی جب وہ رخصت ہو کر اس کے پاس آئی تو اس نے دیکھا کہ مرد کے جسم پر پھلہری ہے کیا عورت کے لیے نکاح فسخ کرانا جائز ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب میاں بیوی میں سے کسی ایک میں جنون کوڑھ یا پھپلہری ظاہر ہو جائے تو دوسرے کو نکاح فسخ کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ جب عورت نکاح فسخ کرے تو اس کو اپنے جہیز میں سے کچھ لینا جائز نہیں اگر عورت دخول سے پہلے نکاح فسخ کر دے تو اس کا مہر ساقط ہو جائے گا اور اگر وہ دخول کے بعد نکاح فسخ کرے تو اس کا حق مہر ساقط نہ ہوگا۔ (ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

**صفحہ نمبر 441**

**محدث فتویٰ**